Rampur State Gazette

EXTRAORDINARY.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۴ مطبوعہ سہ شنبہ تاریخ ۱۳ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۶ء جلد ۳۸

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس ہمایوں اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

(واقع ۳۱ اگست ۱۹۳۶ء)

فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری میں دو کیڈیٹ کی آسامیاں خالی ہیں۔ ایسے امیدوار جو گریجویٹ ہوں ریاست کے باشندہ اور شریف الخاندان ہوں۔ اکیس سال سے زائد عمر نہ ہو۔ ۸ ستمبر تک اجلاس ہمایوں میں درخواستیں پیش کریں۔ اور ۹ ستمبر کو عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب بہادر کے دفتر میں حاضر ہوں۔ وہ ان امیدواران کو ہمارے حضور میں پیش کریں۔ تنخواہ ایک سو روپیہ ماہوار دی جائے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل یکم ستمبر ۱۹۳۶ء کو غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے

(دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم)

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)